© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارُالاحرار

## نائب امیر مرکزیہ مجلس احرارِ اسلام پاکستان سید محمد کفیل بخاری مدظلہٗ کا مختصر تنظیمی و تبلیغی دورۂ کراچی

(کراچی ۷؍اگست) مجلس احرارِ اسلام کراچی کے کارکنوں کے مسلسل اصرار پر قائد تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان سید محمد کفیل بخاری صاحب ۱۸؍رمضان بروز منگل کراچی تشریف لائے، بھائی عمر اور آصف بھائی کے گھر افطار پھر خواجہ عبدالوحید کے گھر تشریف لے گئے، خواجہ صاحب کے جواں سال بیٹے منصور وحید کے اچانک انتقال پر تعزیت اور دعاء مغفرت کی، جبکہ بروز بدھ مجلس احرارِ اسلام کراچی کے امیر مفتی عطاء الرحمٰن قریشی کے گھر دعوتِ افطار میں شرکت کی اور درس قرآن وحدیث دیتے ہوئے دینی قوتوں کے آپس میں اتحاد و اتفاق اور ہم آہنگی کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ علم وآگہی اور شعور کو پروان چڑھانے کی ضرورت ہے۔ علمی مجالس کا انعقاد آپس میں قرب اور اتحاد کا ذریعہ ہوگا، دینی مدارس اور ائمہ مساجد معاشرہ میں امن اور خوش گوار ماحول قائم کرنے میں مرکزی کردار ادا کر سکتے ہیں، علماء کرام کے کردار کو معاشرہ سے ختم کرنے کے لیے اسلام دشمن قوتیں سرگرم عمل ہیں اس کے لیے امریکی ایجنڈے کے تحت لادین اور سیکولر افراد تبلیغ اسلام کے نام پر این جی اوز کے ذریعے مسلط کیے جا رہے ہیں، مدارس کی آزادی ختم کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ زکوٰۃ وصدقات جو مدارس کے ذرائع آمدنی ہیں سے محروم کرنے کے لیے سیاسی اور سماجی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے۔ رمضان المبارک کے روزے تقویٰ وطہارت کے ماحول کو مستحکم کرنے کے لیے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول کی شاہ راہ پر گامزن کرنے کی الہامی تربیت گاہ (تیس روزہ ٹریننگ) ہے۔ حافظ احمد معاویہ، مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مولانا احتشام الحق احرار، مولانا ملک امان اللہ طاہر، علامہ ساجد محمود، مولانا عبدالرزاق، مفتی جمال عتیق، مولانا مشتاق احمد، مولانا احسان، مولانا عبدالرحمٰن، مولانا سیف ربانی، قاری حبیب الرحمٰن، طارق قریشی، اسامہ قریشی، نعمان قریشی، مفتی ہارون مطیع اللہ، قاری علی شیر قادری، شفیع الرحمٰن احرار کے علاوہ دیگر معززین علاقہ اور ائمہ مساجد اور مدرسین کرام بڑی تعداد میں شریک تھے۔ جامع مسجد محمدیہ وتحفیظ القرآن مہران ٹاؤن میں مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت اور دعاء مغفرت کرائی۔ بروز جمعرات جامع مسجد سائیٹ ایسوسی ایشن میں بعد نماز ظہر شاہ صاحب نے اصلاحی اور تبلیغی درس دیتے ہوئے عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منکرینِ ختمِ نبوّت اور منکرینِ حدیث کی منفی سرگرمیوں سے نوجوان نسل کے عقیدہ اور ایمان کے تحفظ کی خاطر تمام



© rasailojaraid.com